ZTBL

# زرعی ترقیاتی بینک لمیٹڈ ہیڈ آفس، اسلام آباد

# عوامی اطلاع

## ZTBL فیلڈ دفاتر کیلئے زرعی
## سروس فراہم کنندگان (ASPs) کی رجسٹریشن/اندراج

زرعی ترقیاتی بینک لمیٹڈ (ZTBL)، جو کہ ایک سرکاری شعبے کا خصوصی مالیاتی ادارہ ہے، جس کا صدر دفتر اسلام آباد میں واقع ہے اور ملک بھر میں اس کے علاقائی دفاتر اور 500 سے زائد برانچز کا وسیع نیٹ ورک موجود ہے، با اعتماد اور مستند زرعی سروس فراہم کنندگان (ASPs) سے رجسٹریشن کیلئے درخواستیں طلب کر رہا ہے۔

اس اقدام کا مقصد زرعی پیداوار میں اضافہ ہے، جس کیلئے جدید زرعی مشینری کا استعمال، بہتر زرعی طریقوں کو فروغ دینا، جدید مصنوعات (بشمول مالی معاونت کے مربوط حل) کی ترویج، اور وزیر اعظم کے وژن "National Subsistence Farmers Support Scheme (NSFSS)" کے تحت کسانوں کی معاونت شامل ہے۔

ZTBL ملک بھر میں درج ذیل شعبوں میں کام کرنے والے مستند ASPs کو اندراج کیلئے مدعو کرتا ہے:

1. بیج
2. کھاد
3. زرعی ادویات (کیڑے مار جڑی بوٹی مار)
4. زرعی رہنمائی و مشاورتی خدمات
5. جی آئی ایس میپنگ اور متعلقہ سروسز
6. زرعی مشینری کی کرایہ پر فراہمی کی خدمات

**اہلیت:** ایسے ادارے یا فریقین جو مینوفیکچررز، لائسنس یافتہ ڈیلرز، ڈسٹری بیوٹرز یا منظور شدہ زرعی سروس فراہم کنندگان ہیں، درخواست دے سکتے ہیں۔

**درخواست دینے کا طریقہ:**

دلچسپی رکھنے والے افراد/ادارے ZTBL کی ویب سائٹ www.ztbl.com.pk پر جا کر مطلوبہ درخواست فارم اور مجوزہ معاہدے کا مسودہ دیکھ اور ڈاؤن لوڈ کر سکتے ہیں۔ ان دستاویزات کی ہارڈ کاپی درج ذیل پتے سے بھی حاصل کی جا سکتی ہے:

ہیڈ (کوآرڈینیشن اینڈ کمپلائنس یونٹ)
ایسٹس ولاجسٹکس ڈپارٹمنٹ، روم نمبر 510، پانچویں منزل
مرکزی عمارت، ZTBL ہیڈ آفس، اسلام آباد

**درخواست جمع کروانے کی آخری تاریخ:**

مکمل طور پر پُر شدہ رخواست فارم بمعہ 5,000 روپے کا ناقابل واپسی پے آرڈر (ZTBL ہیڈ آفس اسلام آباد) کے نام، 10 اگست 2025 تک جمع کروانا لازم ہے۔

ڈپارٹمنٹل ہیڈ
ایسٹس ولاجسٹکس ڈپارٹمنٹ
ZTBL ہیڈ آفس، اسلام آباد
فون نمبر: 051-9252819, 051-2002566

15cm x 2col